Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, Islamabad Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 20 دسمبر 2019

پاکستان سیٹیزن پورٹل کے ذریعے موصول ہونے والی درخواست پر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے ذیلی ادارہ میں کم تنخواہ پانے والے 902 ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ

وزیراعظم پاکستان عمران خان کی جانب سے بہترین گورننس قائم کرنے کے لئے پاکستان سیٹیزن پورٹل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کے ذریعے عام آدمی اپنی شکایات کو متعلقہ سرکاری محکموں تک باآسانی پہنچا سکتا ہے۔ زرعی ترقیاتی بینک جو کہ پاکستان میں زرعی شعبہ میں واحد مخصوص مالیاتی ادارہ ہے جس نے نہ صرف شعبہ زراعت میں قرضہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ٹھوس بنیادوں پہ جامع حکمت عملی مرتب کی بلکہ زرعی شعبہ کی ترقی اور اس میں اصلاحات متعارف کروانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے (ذیلی ادارہ) کسان سروسز سپورٹ سروسز لمیٹڈ کے ملازمین کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ موجودہ معاشی حالات میں ان کی تنخواہوں میں مناسب اضافہ کیا جائے جو کہ مختلف وجوہات کی بناء پر زیر التوا تھا۔ ان میں سے ایک ملازم نے پاکستان سیٹیزن پورٹل پر اپنے مسائل کے حل کے لئے رابطہ کیا۔ جس پر حال ہی میں تعینات ہونے والے زرعی ترقیاتی بینک کے صدر تک جب یہ معاملہ پہنچا تو انہوں نے اس پر ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے معاملہ کا نوٹس لیا اور کسان سپورٹ سروسز لمیٹڈ (KSSL) بورڈ کے اجلاس کے دوران مینجنگ ڈائریکٹر بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) ظہیر الدین احمد کو ملازمین کی تنخواہوں میں فوری اضافے کے احکامات جاری کئے۔ جس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔

وزیراعظم پاکستان عمران خان کے ویژن اور ان کے قائم کردہ پاکستان سیٹیزن پورٹل جیسے احسن اقدام کی روشنی میں زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے (ذیلی ادارہ) کسان سپورٹ سروسز لمیٹڈ کے 902 کم آمدن والے ملازمین جو کہ کل تعداد کے 25% فیصد ہیں کو بلا تفریق ریلیف دیا گیا ہے جو کہ موجودہ حکومت کی مثالی گورننس کی عکاسی کرتا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک نہ صرف زراعت کی ترقی کے لئے کسانوں کو قرضوں کی بروقت فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے بلکہ موجودہ حکومت کی جانب سے فنانشل انکلوژن سٹریٹجی کے تحت ترجیحی بنیادوں پر ڈیجیٹلائزیشن پیمنٹ سسٹم، اسلامی بینکاری، اے ٹی ایم کی تنصیب، ای کریڈٹ سسٹم اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کسانوں کو سہولیات مہیا کرنے کے لئے متعدد منصوبہ جات کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہا ہے۔

(ناصر حسین)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 0309-0535214